Packages Limited

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ پیکجز لمیٹڈ ( "کمپنی ") کے شیئر ہولڈرز کا غیر معمولی اجلاس عام (EoGM) بروز جمعہ 19جون ، 2026 بوقت 11:30بجے صبح منعقد کیا جائے گا ۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان ("SECP") نے وقتاً فوقتاً جاری کردہ اپنے سرکلرز کے ذریعے لسٹڈ کمپنیوں کو فزیکل میٹنگ کے انعقاد کی ضرورت کے علاوہ ورچوئل طور پر اجلاسِ عام منعقد کرنے کی ہدایت کی ہے۔

اس سلسلے میں ، کمپنی نے ہائبرڈ طور پر میٹنگ منعقد کرنے کے لئے آڈیٹوریم ، انسٹی ٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس آف پاکستان(ICAP)، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس ایوینیو، بلاک8-، کلفٹن، کراچی میں شخصی طور پر اور ورچوئل میٹنگ بذریعہ زوم انتظامات کئے ہیں ۔

**عمومی امور**

1۔ 30 اپریل، 2026 کو منعقد کئے گئے 71ویں سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی توثیق۔

2- کمپنیز ایکٹ، 2017کے سیکشن (1)159کے تحت بورڈ کی جانب سے مختص کردہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز ("بورڈ") کے لیے 10( دس) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔

19جون، 2026 سے آغاز ہونے والے تین (3) سال کی مدت کے لئے ڈائریکٹرز کا انتخاب کمپنیز ایکٹ، 2017 ( " ایکٹ " ) کے سیکشن 159 اور 161 کے تحت کیا جائے گا۔

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کی فہرست، بلحاظ حروفِ تہجی مندرجہ ذیل ہے ۔یہ سب دوبارہ منتخب ہونے کے لیے اہل ہیں:

| | | |
|---|---|---|
| 1) جناب توفیق حبیب چنائے | 5) جناب عاطف اسلم باجوہ | 9) جناب جوزف مینرڈملر |
| 2) سید حیدر علی | 6) محترمہ صبا کمال | 10) جناب عثمان خالد وحید |
| 3) سیدشاہد علی | 7) جناب طارق اقبال خان | |
| 4) جناب حسن عسکری | 8) سید اسلم مہدی | |

ایکٹ کے سیکشن (3)166 کے تحت مطلوبہ مادی حقائق کا بیان EoGM کے نوٹس کے ساتھ ممبران کو بھیج دیا گیا ہے۔

**دیگر امور**

1- چیئرپرسن کی منظوری سے اجلاس میں پیش کیے گئے دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
**اقراء سجاد**
کمپنی سیکرٹری

25 مئی، 2026
کراچی

**تصریحات:**

ا۔ کمپنی کی شیئرٹرانسفر بکس 12 جون، 2026 تا19 جون ، 2026 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز FAMCO شیئر رجسٹریشن سروسز (پرائیوٹ) لمیٹڈ، F-8، متصل ہوٹل فاران، نرسری ، بلاک 6، پی ۔ای۔ سی۔ ایچ۔ ایس۔، شاہراہِ فیصل، کراچی میں 11جون، 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کے لئے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

ب۔ کوئی ممبر جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کا حقدارہے، وہ اپنی جگہ کسی دوسرے فرد کوشرکت کرنے، بولنے اور ووٹ دینے کیلئے اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کی تقرری کی دستاویز کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر چوتھی منزل، دی فورم، سوئٹ نمبر# 422-416 ، G-20، بلاک 9-،خیابان جامی، کلفٹن، کراچی کے پتے پراجلاس کے وقت سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل جمع ہوجانی چاہیے؛

ج۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.packages.com.pkپر دستیاب ہے ۔

د۔ فزیکل شیئر کے حامل شیئر ہولڈرزکو بھی اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ (CNIC) اور /یا شیئرہولڈر(ز) کی CNIC کی کاپی،جن کی پراکسی (پراکسیز)کے حامل ہیں، ساتھ لانا ہوگی۔ CNIC کے بغیر شیئرہولڈرز کوEoGM میں شرکت کرنے اور/ یا شیئر ہولڈرز/ ممبرز کے رجسٹر میں دستخط کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

ہ۔ CDC اکائونٹ ہولڈرز اور ذیلی اکائونٹ ہولڈرز، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات شیئر بُک تفصیلات کی رپورٹ میں دستیاب ہیں، اُن کو اجلاس میں عام شرکت کی وقت اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اپنا متعلقہ بروکر کا ID نمبر اور CDC اکائونٹ اور پراکسی ہونے کی صورت میں، اپنے CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ منسلک کرنا ہوگی۔ کارپوریٹ ممبر(ممبرز) کے نمائندے ہونے کی صورت میں بورڈ کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی اور / یا ایسے تمام دستاویز ساتھ لانا ہونگی جو SECP کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مجریہ 26 جنوری 2000 کے تحت اِس مقصد کے لیے درکار ہیں۔

**ورچوئلی EoGMکی کارروائی میں شرکت**

EoGMمیں ور چوئلی شر کت کے خوا ہشمند شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جا تی ہے کہ وہ اپنی تفصیلا ت متعین کردہ ای میل ایڈریس shares.desk@packages.com.pk پر بمع اپنے نام ، فولیو نمبر اور ای میل ایڈریس"رجسٹریشن فار پیکیجز EoGM 2026 " کے عنوان کے ساتھ 17 جون، 2026 کو کاروباری اوقات کے اختتام سے قبل بھیج کر اپنی رجسٹریشن یقینی بنائیں۔ EoGM میں شرکت کے لئے لاگ اِن کی تفصیلات اور زوم لنک جوابی ای میل کے ذریعے رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز کو فراہم کیے جائیں گے۔

**EoGMکے قانونی ضابطہ اخلاق**

ممبران سے درخواست ہے کہ وہ ایکٹ کے سیکشن215اور کمپنیز(جنرل پروویژنز اینڈ فارمز) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 28کے مطابق EoGM میں قانونی ضابطہ اخلاق کی پابندی کریں، جب کہ شیئر ہولڈرز کو اثرو رسوخ پر زور دینے یا فیصلوں کے لئے براہ راست انتظامیہ تک پہنچنے کی اجازت نہیں ہوگی جو انتظامیہ کیلئے امور کی ہموار انجام دہی میں رکاوٹ کا سبب بن سکتے ہیں۔ جیسا کہ ان دفعات میں درج ہے، شیئر ہولڈرز کوئی ایسا سامان اپنے ساتھ نہیں لائیں گے جو شرکا ء یااجلاس کے منعقد ہونے کی حدود میں کسی خطرے کا باعث ہو، اور خود کوEoGM کے نوٹس میں شامل ایجنڈے تک محدود رکھیں گے اور نہ ہی ایسا رویہ اختیار کریں گے جو کسی سیاسی وابستگی کو ظاہر کرتا ہو۔ اس کے علاوہ، ایکٹ کے سیکشن 185کی رو سے کمپنی کو اپنے اجلاسوں میں شیئر ہولڈرز کوکسی بھی شکل میں تحائف تقسیم کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**ڈائریکٹرز کے انتخاب کے حوالے سے تصریحات**

1۔ کوئی بھی ممبر / شخص جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہے وہ کمپنی کے پاس ایکٹ کے سیکشن159(3) کی شرائط کے تحت نوٹس کے ذریعے اپنے آپ کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے پیش کرنے کے ارادے کو دائر کرے۔ اِس طرح کا ارادہ مذکورہ بالا سیکشن کے لحاظ سے EoGM کی تاریخ سے چودہ (14)دن پہلے نوٹس کے ذریعے دائرکیا جانا چاہیے، بشمول ضمیمے کے فارم-9 پر بطور ایک ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی کے ساتھ (ایکٹ کے سیکشن (1)167 کے تحت مطلوبہ اُمیدوار کے ذریعے باضابطہ طور پر مکمل اور دستخط شدہ) اور ذیل میں مذکور دستاویزات:

i۔ دستخط شدہ اعلامیہ کہ وہ ایکٹ، میمورینڈم اور آرٹیکل آف ایسوسی ایشن آف دی کمپنی ، رول بُک آف پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ، ریگولیشنز اور دیگر متعلقہ اور مروجہ قوانین اور ضوابط سے واقف ہے؛

ii۔ دستخط شدہ اعلامیہ کہ وہ ایک لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر / انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر کے طور پر تقرری کے لئے ایکٹ، ریگولیشنز اور دیگر متعلقہ اور مروجہ قوانین اور ضوابط میں بیان کردہ تقاضوں اور اہلیت / قابلیت کے معیار کے مطابق ہے؛

2۔ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹر (ڈائریکٹرز) ایکٹ کے سیکشن (2)166 میں درج کردہ اہلیت کے معیار اور کمپنیز (طریقہ کار اور انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کا انتخاب) ریگولیشنز ، 2018 پر پورا اُتریں گےاور اُن کے نام پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس کے زیرِ انتظام انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے ڈیٹا بینک میں شامل ہونے چاہییں۔ اِس کے مطابق، ڈائریکٹر/ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرکے طور پر ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند اُمیدوار وں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانی ہونگی:

i۔ ریگولیشنزکی شِق (3)6 کے تحت ڈائریکٹر/انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرکی جانب سے اقرار نامہ؛

ii۔ کمپنی کی ویب سائٹ www.packages.com;pk پر لگانے کے لئے دفتر کے پتے کے ساتھ تفصیلی پروفائل؛

iii۔ پہلے سے موجود ڈائریکٹرشِپس کی تفصیل؛

iv۔ درست CNIC کی کاپی (پاکستانی شہری ہونے کی صورت میں) یاپاسپورٹ (غیر ملکی شہری ہونے کی صورت میں) اور NTN اور فولیو نمبر / CDC انویسٹر اکائونٹ نمبر / CDC ذیلی اکائونٹ نمبر (پہلی بار رضامندی پیش کرنے والے شخص کے لئے قابلِ اطلاق)؛

**پوسٹل بیلٹ/ ای ووٹنگ**

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 اور مطلع شدہ ترامیم کے مطابق، ممبران کو الیکٹرانک ووٹنگ کی سہولت اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے ووٹ کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی، اگر خود کو منتخب ہونے کی پیشکش کرنے والے افراد کی تعداد ایکٹ کے سیکشن 159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہے۔ ووٹنگ کی کاروائی پوسٹل بیلٹ ریگولیشنز میں موجود طریقہ کار کے مطابق ہوگی۔

ایکٹ کی ضرورت اور کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے مطابق ، پوسٹل بیلٹ جاری اور شائع کیا جاسکتا ہے۔

A.F. فرگوسن اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکائونٹنٹس (' فرم')، کو اسکروٹنائزر کے طور پر مقرر کیا گیا ہے۔ فرم نے ICAP کے کوالٹی ریویو پروگرام کے تحت تسلی بخش ریٹنگ حاصل کی ہے اور یہ آڈِٹ اوور سائٹ بورڈ آف پاکستان کے ساتھ رجسٹرڈ ہے۔ فرم کے تمام شراکت دار اہل ہیں اور قابلِ اطلاق قوانین، ضوابط اور مذکورہ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اپنے فرائض کی انجام دہی کا کافی تجربہ رکھتے ہیں۔